CultureTalk Pakistan Video Transcripts: http://langmedia.fivecolleges.edu

Chatting with a Women from Mansehra

Urdu transcript:

عورت: پاکستان میں سردیوں میں
dry fruit
بہت شوق سے کھایا جاتا ہے۔ مونگ پھلی، بادام، پستہ، ریوڑی۔ میرا یہ ہے کہ میں آجکل روزے رکھ رہی ہوں۔ اور سارا دن تو صبر ہو جاتا ہے لیکن ابھی افطاری کر کے، کھا کے میرا، بھوک تو نہیں لگی ہوئ، لیکن دل چاہتا ہے کہ ابھی بھی فی الحال کچھ نہ کچھ کھاتی رہوں۔ تو ابھی بہت سی مونگ پھلی کھائ ہے۔ اور مجھے آلو بخارے، سوکھے آڑو بہت اچھے لگتے ہیں۔ ہم لوگ مانسہرہ سے ہیں، میرے ماں باپ۔ مانسہرہ ایک گاؤں ہے، اسلاماباد سے ڈھائ گھنٹے کا راستہ ہے۔ میں۔ ۔ اگر میرے تک ہو تو میرے خیال میں، میں بہت خوشی سے مانسہرہ میں رہوں۔ کیونکہ میں وہاں پر وہی کروں جو میں یہاں پر کرتی ہوں۔ کچھ بھی نہیں۔ بیٹھ کر رسالے پڑھ لیئے،
dry fruit
کھا لیا، مکئ کھا لی، ٹیلیویژن دیکھ لیا، باتیں کر لیں۔ میری اور زندگی ہی کیا ہے۔ لیکن دیکھیں آگے کیا ہوتا ہے۔ بس۔
I'm out of con…

اچھا۔ میں نے امریکہ میں
high school
کر کہ میں واپس آئ اور میں بی اے میں
admission
لے سکتی تھی لیکن مجھے بہت شوق تھا کہ میں ڈاکٹر بنوں۔ ایک دم آ کر مجھے احساس ہوا کہ یہاں پر پاکستان میں اتنی زیادہ غربت ہے۔ میں نے سوچا میں ڈاکٹر بنتی ہوں۔ لیکن میرے پاس۔ ۔ اب میں سوچتی ہوں، میرے پاس
Science
کے
subjects
تھے، میں
admission
چاہتی تو مل بھی سکتی تھی، لیکن اس وقت پتہ بھی نہیں تھا۔ تو میں نے پھر انٹر میں
admission
لی۔ اگر میں اسی وقت۔ ۔ ۔

انٹر جو ہے وہ
Eleventh
اور
Twelfth grade
کے برابر ہوتا ہے۔

Inter- Intermediate
کہتے ہیں۔
Matric- matriculation, ninth and tenth grade
ہوتی ہے۔ پھر آپ کالج چلے جاتے ہو۔ کالج میں
Eleventh
اور
Twelfth grade
کر کے پھر ایف اے کی
degree
ملتی ہے۔ پھر ایف اے یا ایف۔ایس۔سی اور پھر آپ بی اے کر سکتے ہو یا
medical college
میں جا سکتے ہو۔ میں نے دو سال پھر ایف۔ایس۔سی کیا۔ کاش میں
medical college
میں
apply
کر کے
medicine
ہی کر لیتی۔ اور اس کے بعد جب مجھے
admission
ملی، میڈیکل کالج میں پیشاور میں ملی۔ میں پیشاور جانا نہیں چاہتی تھی۔ اس زمانے میں یہ
Russia
اور افغانستان میں جنگ، یہ
Seventies
میں چل رہی تھی۔ شروع تو نہیں ہوئ ہوئ تھی لیکن چل رہی تھی۔ اور پیشاور امّی کو تھوڑا ڈر لگتا تھا کہ میں پیشاور جاؤں گی اور بہت دور ہے۔ اور امّی کہتی تھیں پیشاور کے لوگ باتیں تھوڑی کرتے ہیں اور اگر آپ
eye liner
لگاؤ تو لوگ کہتے ہیں کہ لڑکی بہت تیز ہے۔

English translation:

Woman: In Pakistan during the winter, dry fruit is eaten with a lot of enthusiasm. Peanuts, almonds, pistachios, *rewari*[1]... As for me, I am fasting these days. And all day I can wait, but now after finishing *Iftari* [2], after eating, not that I'm hungry any longer, but I still want to keep eating one thing or the other. So I have just eaten a lot of peanuts. I also like plums and dried peaches a lot. We are from Mansehra, my parents. Mansehra is a village about two and a half hours away from Islamabad. If it were left up to me, I think, I would live very happily in Mansehra. Because I would do there what I do here; which is nothing. Sit and read magazines, eat dry fruit, eat *makai*[3], watch television and

---

[1] candy made from refined sugar and coated with sesame seeds
[2] breaking of the fast in the evening during Ramadan
[3] roasted corn off the cob

talk. What else is there in my life? But let's see what happens. That's it…I'm out of con…!

Okay. I came back from America after going to high school there, and I could have been admitted to a B.A. program but I really wanted to become a doctor (In Pakistan you do not need an undergraduate degree to go to medical school. You can join a medical university right after high school). Suddenly when I came back I realized here in Pakistan there is so much poverty. I thought I'd become a doctor. But I had…now that I think about it, I had science subjects and if I wanted I could have been admitted, but I didn't even know at that time. So then I got admitted to "Inter". If I had at that time…

Inter is equivalent to eleventh and twelfth grades. Inter means Intermediate. "Matric" or matriculation is ninth and tenth grades. Then you go to college. After doing eleventh and twelfth grades, you get an FA (Fellowship in Arts) degree in college. Then after FA or F. Sc. (Fellowship in Science) you can do a B.A. or go to medical school. So then I did an F. Sc. for two years. I wish I had applied to medical college and studied medicine [instead]. After that, when I got accepted… [I got accepted] into the medical school in Peshawar. I did not want to go to Peshawar. At that time, in the seventies, the war between Russia and Afghanistan was going on. It hadn't begun then but it was already on (sic). Mother was a little scared about my going to Peshawar, and Peshawar was very far away. Mother used to say that the people of Peshawar gossip, and if you even put on eye liner, they say, this girl is too cocky!

About CultureTalk: CultureTalk is produced by the Five College Center for the Study of World Languages and housed on the LangMedia Website. The project provides students of language and culture with samples of people talking about their lives in the languages they use everyday. The participants in CultureTalk interviews and discussions are of many different ages and walks of life. They are free to express themselves as they wish. The ideas and opinions presented here are those of the participants. Inclusion in CultureTalk does not represent endorsement of these ideas or opinions by the Five College Center for the Study of World Languages, Five Colleges, Incorporated, or any of its member institutions: Amherst College, Hampshire College, Mount Holyoke College, Smith College and the University of Massachusetts at Amherst.

© 2003-2009 Five College Center for the Study of World Languages and Five Colleges, Incorporated